# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اُردو)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور طالب علم کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

## مشقیں بھیجنے کا شیڈول

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2025 | ...... | ...... |
| مشق نمبر2 | 08-01-2026 | مشق نمبر1 | 08-01-2026 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2026 | ...... | ...... |
| مشق نمبر4 | 20-02-2026 | مشق نمبر2 | 20-02-2026 |

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔

کورس: روزمرہ اُردو (204)　　　　سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: میٹرک

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبا میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-4 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر 100 — کامیابی کے نمبر 40

سوال 1۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے: (2x5=10)

I ۔ ہندوستان پر مسلمانوں کی حکومت کا کل کتنا عرصہ بنتا ہے؟

II۔ حضرت مجدد الف ثانی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

III۔ انگریز اپنے ساتھ کون سا نظام لائے؟

IV۔ اٹھارہویں صدی میں مسلمانوں کی سیاسی صورتِ حال کیا تھی؟

V۔ تحریک آزادی میں 'کانگریس' کا کیا کردار رہا؟

(ب) جمع کے واحد لکھیں: (10)

اعمال، الفاظ، حاضرین، صحابیات، امہات، اخلاق، اقوال، خصائل، تجاویز، سہولیات

سوال 2: اپنے بڑے بھائی کے ساتھ امتحانی نظام کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں، نیز مکالمے کی وضاحت بھی پیش کریں۔ (20)

سوال 3: ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی میں کس قوم کو زیادہ نقصان ہوا، تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال 4: اس جملے کی سبق کے حوالے سے تفصیل سے وضاحت کریں: (20)

''مسلمان ایک بہتر نظامِ حیات لے کر برصغیر میں آئے۔''

سوال 5: سیاق وسباق کے ساتھ مندرجہ ذیل پیراگراف کی تشریح کریں: (20)

'انگریز اپنے ساتھ جمہوری نظام لائے تھے جس میں معاملات اکثریت کے ووٹ سے طے ہوتے ہیں۔ ہندوستان میں اکثریت ہندوؤں کی تھی اس کے معنی یہ تھے کہ انگریزوں کے چلے جانے کے بعد مسلمانوں کو ہندوؤں کے رحم وکرم پر زندگی بسر کرنا پڑتی۔''

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر 100 — کامیابی کے نمبر 40

سوال 1۔ مکالمہ لکھنے کے اصول بیان کریں۔ نیز ملکی حالات پر دو بزرگوں کے درمیان مکالمہ لکھیں۔ (20)

سوال 2: ایک غیر ملکی سیاح اور مقامی دوکان دار کے مابین ہونے والی گفتگو بیان کریں؟ (20)

سوال 3۔ ممانی جان کے نام ایک خط لکھیں جو حال ہی میں آپ کے گھر سے واپس گئی ہیں۔ (20)

سوال 4۔ ملک کے شادی بیاہ کی رسم ورواج پر دو خواتین کے درمیان مکالمہ تحریر کریں (20)

سوال5۔ (الف) مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں کہ ان کا مفہوم واضح ہو جائے (10)

فیض یاب، نشوونما، تگ ودو، بقائے حیات، بیش بہا

(ب) اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر کے نام بہن کی شادی کی چھٹیوں کی درخواست لکھیں۔ (10)

## امتحانی مشق نمبر 3

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر 40

سوال1: کسی رشتے دار کی کسی حادثے پر اطلاع کے حوالے سے ایک خط تحریر کریں؟ (20)

سوال2: خط میں القاب و آداب کی کیا اہمیت ہے؟ کسی خط کی روشنی میں تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال3: عرضی نویسی کسے کہتے ہیں؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔ (20)

سوال4: گندم کی خریداری میں گھپلوں کے حوالے سے آفیسر کے نام درخواست تحریر کیجیے۔ (20)

سوال5: (الف) مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں کہ ان کا معنی واضح ہو جائے: (10)

مقولہ، آسائش، پاداش، متعدی مرض، متوازن غذا، ضامن، نکھار، بل بوتے، احتمال، سرعت

(ب) مندرجہ ذیل کی وضاحت کریں: (5x2=10)

1۔ خط کس چیز کا بدل ہے؟

2۔ کیا خط میں مقام اور تاریخ لکھنا ضروری ہے؟

3۔ خط بات چیت کی زبان میں لکھنا چاہیے یا مشکل زبان میں؟

4۔ سالگرہ یا شادی کا دعوت نامہ خط کی قسم ہے یا درخواست؟

5۔ کس طرح کے خط میں محبت اور خلوص کا اظہار ضروری ہے؟

## امتحانی مشق نمبر 4

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر 40

سوال1: مندرجہ ذیل لوک کہانیوں کا خلاصہ تحریر کریں: (10+10=20)

مہمان کی عزت، خون کا بدلہ

سوال2: شادی بیاہ کی کوئی سی دو رسموں کا حال بیان کریں۔ (10+10=20)

سوال3: لوک کہانیوں کے پس منظر میں وضاحت کریں۔ (5x4=20)

1۔سمی کی کل جائیداد کیا تھی؟

2۔''مہمان کی عزت'' کا قابلِ نفرت کردار کس کا ہے؟

3۔مراد خان مرتے وقت کس خیال سے بے چین تھا؟

4۔قاتل نے مراد خان کو کیوں قتل کیا

5۔سپین گل کی زندگی کا سب سے بڑا مقصد کیا تھا؟

سوال4: مندرجہ ذیل نظم کی تشریح کیجیے: نیز شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (20)

میرے ملاح لہروں کے پالے ہوئے
میرے دہقاں پسینوں کے ڈھالے ہوئے
میرے مزدور اس دور کے کوہ کن
چاند میری زمیں ، پھول میرا وطن

سوال5: مندرجہ ذیل اشعار کی وضاحت کریں، نیز نظم اور شاعر بھی تحریر کریں: (20)

بستی بستی تیرا چرچا قدم قدم پر گیت ترے
دھڑکن دھڑکن پیار ہے تیرا نگر نگر میں میت ترے
جب تک ہے یہ دنیا باقی ہم دیکھیں آزاد تجھے
سوہنی دھرتی اللہ رکھے قدم قدم آباد تجھے